## صوبہ سرحد کے ضلع دیر میں آسمانی بجلی گرنے سے پچاس سے زائد افراد کی ہلاکت کے واقعہ پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21/جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے ضلع دیر میں آسمانی بجلی گرنے کے نتیجے میں پچاس سے زائد افراد کی ہلاکت کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے قدرتی آفت کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ممتاز قانون داں عزیز اللہ شیخ ایڈوکیٹ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور لیگل ایڈ کمیٹی کے ارکان کا عزیز اللہ شیخ مرحوم کے لواحقین سے اظہار رنج وغم

لندن۔۔۔21/جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز قانون داں عزیز اللہ شیخ ایڈوکیٹ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عزیز اللہ شیخ ایڈوکیٹ مرحوم نے لوگوں کو انصاف دلانے کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ یاد رکھی جائیں گی۔جناب الطاف حسین نے عزیز اللہ شیخ ایڈوکیٹ مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عزیز اللہ شیخ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور لیگل ایڈ کمیٹی کے انچارج سیف اللہ ایڈوکیٹ اور اراکین لیگل ایڈ کمیٹی نے بھی عزیز اللہ شیخ ایڈوکیٹ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیگل ایڈ کمیٹی کے تمام ارکان عزیز اللہ شیخ ایڈوکیٹ کے انتقال پر مرحوم کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔

## شاہ فیصل ٹاؤن یونین کونسل نمبر 3 کی حق پرست لیبر کونسلر محترمہ کنیز صغریٰ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں

## کافی عرصہ سے علیل تھیں۔ماڈل کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

## شاہ فیصل ٹاؤن یونین کونسل نمبر 2 کے حق پرست جنرل کونسلر رئیس احمد کے والد ممتاز احمد کا انتقال

## مرحومین کے لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21/جولائی 2007ء

شاہ فیصل ٹاؤن یونین کونسل نمبر 3 کی حق پرست لیبر کونسلر محترمہ کنیز صغریٰ رضائے الٰہی سے گزشتہ روز انتقال کر گئیں۔مرحومہ کی عمر 60 سال تھی۔محترمہ کنیز صغریٰ کافی عرصہ سے علیل تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ امام بارگاہ امامیہ سادات کالونی میں ادا کی گئی جسکے بعد مرحومہ کو ماڈل کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومہ کے جنازے میں شاہ فیصل کے ٹاؤن ناظم محمد عمران،حق پرست یوسی ناظمین،کونسلرز اور علاقائی ذمہ داروں اور کارکنوں نے شرکت کی۔مرحومہ کنیز صغریٰ کے پسماندگان میں پانچ بیٹے اور دو بیٹیاں شامل ہیں۔علاوہ ازیں شاہ فیصل ٹاؤن یونین کونسل نمبر 2 کے حق پرست جنرل کونسلر رئیس احمد کے والد ممتاز احمد کا بھی گزشتہ روز انتقال ہوگیا۔وہ کافی عرصہ سے علیل تھے۔ممتاز احمد مرحوم کو عظیم پورہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جس میں حق پرست ٹاؤن ناظم محمد عمران،علاقے کے حق پرست یوسی ناظمین،کونسلروں اور ذمہ داروں وکارکنوں نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست لیبر کونسلر محترمہ کنیز صغریٰ اور حق پرست جنرل کونسلر رئیس احمد کے والد ممتاز احمد کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے مرحومین کے لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## کیتھولک فادر جوزف پال کی سربراہی میں مسیحی کمیونٹی کے رہنماؤں کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## اقلیتی کمیونٹی کے تحفظ اور حقوق کیلئے الطاف حسین کی جدوجہد قابل تعریف ہے، فادر جوزف پال

کراچی۔۔۔21/جولائی2007ء

کیتھولک فادراورسینٹ پال اسکول کے پرنسپل جوزف پال کی سربراہی میں مسیحی برادری کے رہنماؤں کے نمائندہ وفد نےعزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم اوررکن رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیرسیدشعیب بخاری سے ملاقات کی۔ وفد میں فادرگل ڈینئل، فادر بابر،میتھوڈسٹ چرچ کے بشپ ڈاکٹر بشیرایل مل، پینتی، کاسٹل چرچ کے بشپ جاوید جانسن اہل، انٹرنیشنل چرچز الائنس کے چیئرمین عرفان ڈین پاسٹر، آئرن جاویداور پاسٹرشفیق کے علاوہ دیگر رہنما بھی شامل تھے۔اس موقع پرایم کیوایم کی اقلیتی امورکمیٹی کے انچارج منورالاسلام، اراکین اسٹیفن آصف اور پاسٹر جاویدانجم بھی موجود تھے۔ فادرجوزف پال نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کےتحفظ اوران کے حقوق کیلئے جناب الطاف حسین کی جدوجہد قابل تعریف ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم الطاف حسین کےشکرگزار ہیں کہ وہ پاکستان میں بسنے والی مذہبی اقلیتوں کو برابرکادرجہ دیتے ہیں اوران کے حقوق کیلئے آواز بلندکرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہےجس نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے افرادکونہ صرف اسمبلیوں میں بھیجا بلکہ انہیں وزیرتک بنادیا یہ ایم کیوایم کی حقیقت پسندی وعملیت پسندی کا واضح ثبوت ہے۔وفد کے دیگرارکان نے اپنے خیالات کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ جوعناصرایم کیوایم کے مثبت کارناموں کو بیان کرنے کے بجائے اس کے خلاف جھوٹا اورمنفی پروپیگنڈہ کررہے ہیں وہ ملک بھرکےعوام کوگمراہ کرنے کی ناکام کوشش کررہے ہیں اور مسیحی برداری ایسے عناصر کی ہرسطح پر مذمت کرتی رہے گی۔وفد کےارکان نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اوردرازی عمرکیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کےارکان نے وفد کےارکان کونائن زیروپرخوش آمدید کہا اورایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## ایم کیوایم کی جانب سے دادوکی تحصیل جوہی اورتحصیل خیر پورناتھن شاہ کے ہزاروں متاثرین میں غذائی اجناس تقسیم کی گئیں

دادو۔۔۔21/جولائی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ضلع دادوکی تحصیل جوہی کی یوسیز کمال خان اورساورو کے 30 گاؤں اورتحصیل خیر پورناتھن شاہ کی 6یوسیز کے ہزاروں متاثرین میں غذائی اجناس اورضروری امدادی اشیاء تقسیم کی گئیں۔امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں گزشتہ روز وزیراعلیٰ سندھ کےحق پرست معاون خصوصی حسین بخش سولنگی اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی نعیم اشتیاق نے ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کےارکان کے ہمراہ تحصیل جوہی کی یوسیز کمال خان اورساورو کے گاؤں گلن جمالی، عارف جمالی، چھپرخان جمالی، بخشورو ترانی، گل محمد روترانی، اللہ رکھیو چنہ، رحیم ڈونچہ، ڈاتو چنہ، عارف فقیر، گلوخان جمالی، شفیق بروہی، عبداللہ جمالی، اللہ رکھیوسولنگی، ڈاتو خاصخیلی، جمن تنک، علی نواز رودنانی، پیربخش سولنگی، علی گوہر رودنانی، چاکرسولنگی، فریدرودنانی، صاحب سولنگی، اللہ بچایورودنانی، عبدالعزیز سولنگی، پیربخش سولنگی، اللہ رکھیولکھانی، بابوچتو، سومررنجھانی، مرزاچنواورتحصیل خیر پورناتھن شاہ کی یوسیز چھوڑقمبر، بروڑا، بورڑواورکنڈ چوکھی کے سیلابی ریلے سے متاثرہ ہزاروں افراد میں غذائی اجناس اورضروری امدادی اشیاء تقسیم کیں۔ مذکورہ علاقے سیلابی ریلے کے باعث زیرآب آچکے ہیں اورمتاثرین نے اےایف پی بند، جھنڈن بند اورسوپیرو بند کے اطراف میں عارضی رہائش اختیارکی ہوئی ہیں۔ایم کیوایم کی امدادی ٹیم کےارکان نے متاثرین کوغذائی اجناس کی فراہمی کیلئے کشتیوں کا استعمال بھی کیا۔اس موقع پرامدادی ٹیم کےارکان نے متاثرہ خاندانوں کی خیریت دریافت کی اور سیلابی ریلے کے باعث ہونے والے جانی ومالی نقصانات پردلی افسوس کا اظہارکیا۔انہوں نے متاثرین سے بات چیت کرتے ہوئے مصیبت اوردکھ کی اس گھڑی میں قائدتحریک جناب الطاف حسین سمیت ایم کیوایم کے ایک ایک کارکن متاثرین کے ساتھ ہے اورمتاثرہ افراد کی مکمل بحالی تک ایم کیوایم کی جانب سے متاثرین کی ہرممکن امداد جاری رکھی جائے گی۔

## بلوچستان کی تحصیل اوستہ محمد اور فیض آباد کے سینکڑوں متاثرین کو ایم کیو ایم کی جانب سے طبی سہولیات اور غذائی اجناس کی فراہمی

کوئٹہ۔۔۔21جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے بلوچستان کے سیلابی ریلے سے متاثرہ افراد کو غذائی اجناس اور انہیں وبائی امراض سے محفوظ رکھنے کیلئے طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ گزشتہ روز بھی جاری رہا۔ امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایم کیو ایم پنجاب، سرحد اور بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن الطاف زیدی اور امدادی ٹیم کے ارکان نے بلوچستان کی تحصیل اوستہ محمد، گاؤں چنڈا خاخیل اور فیض آباد میں طبی کیمپوں کا انعقاد کیا جہاں وبائی امراض میں مبتلا سینکڑوں نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں نے رابطہ کیا جبکہ طبی ٹیم کے ارکان نے سیلابی ریلے کے باعث مختلف حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کو انکی جھونپڑیوں میں جا کر بھی طبی امداد اور ضروری ادویات فراہم کی۔ بعدازاں ایم کیو ایم کی امدادی ٹیم کے ارکان نے سیلابی ریلے سے متاثرہ اوستہ محمد، گاؤں چنڈا خاخیل اور فیض آباد کے سینکڑوں متاثرین میں 2، ٹرکوں پر مشتمل غذائی اجناس تقسیم کیں اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے اپنے ہر ممکن مدد و تعاون کا یقین دلایا۔

## ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-118 کے کارکنان نثار اور پرویز احمد غیر معینہ مدت کیلئے معطل، شاہد خان سے اظہار لاتعلقی

کراچی۔۔۔21جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-118 کے کارکنان نثار ولد اشفاق احمد اور پرویز احمد ولد محمد شفیع کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ پاک کالونی یونٹ 191,190 کے رہائشی شاہد خان عرف جمبو نامی شخص کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے، یہ جرائم پیشہ شخص ہے اور علاقے میں خود کو ایم کیو ایم کا کارکن ظاہر کررہا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان اور عوام سے اپیل کی وہ مذکورہ شخص سے کسی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں اور ایسے جرائم پیشہ افراد کی نائن زیرو پر اطلاع دیں جو ایم کیو ایم کا نام استعمال کررہے ہیں۔

## قمبر شہداد کوٹ میں ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں
## گاؤں میرن ماچھی، آجبانی، دوتلی، بنگلہ اور کڈھ کے سینکڑوں متاثرین میں غذائی اجناس کی تقسیم

قمبر شہداد کوٹ۔۔۔21جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اندرون سندھ ڈسٹرکٹ قمبر شہداد کوٹ میں سیلابی ریلے سے متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ متاثرین کی امداد کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم قمبر شہداد کوٹ زونل کمیٹی کے اراکین اور امدادی ٹیم کے ارکان نے قمبر شہداد کوٹ کے گاؤں میرن ماچھی، آجبانی، دوتلی، بنگلہ اور کڈھ کے سینکڑوں خاندانوں میں غذائی اجناس تقسیم کیں۔ سیلابی ریلے سے متاثرہ ان گاؤں کے افراد گاؤں فال، اللہ بخش، موہڑی، کنڈ وبلیدی اور پاندھی میں عارضی طور قیام پذیر ہیں اور انہیں غذائی قلت کا سامنا تھا۔ ایم کیو ایم کی جانب سے غذائی اجناس اور روزمرہ استعمال کی ضروری اشیاء کی فراہمی پر متاثرین نے امدادی ٹیم کے ارکان سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں کیں

## ایم کیو ایم لانڈھی، ملیر اور فیڈرل بی ایریا سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن منور علی کی صاحبزادی عارفہ خانم، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 39 کے کارکن نعیم ارشد کے والد ظہور احمد، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکنان نجم الدین کی اہلیہ اور فہیم الدین کی والدہ محترمہ خورشید جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

☆☆☆☆☆